سکول کونسلز (سکول انتظامیہ)

سیکھنا ۔خصوصی توجہ دینا۔ والدین/سر پرستوں سے رابطہ رکھنا۔

واٹر لو ریجن ڈسٹرکٹ بورڈ طالب علموں کو اعلیٰ تعلیم دینے میں والدین/سرپرستوں اور معاشرہ کے دیگر افراد کی عملی شمولیت کو اہمیت دیتا ہے۔ ہمارے تمام سکولوں میں سکول کونسلز بنائی جاتی ہیں تاکہ وہ اس عملی شمولیت کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے آسانیاں پیدا کریں ۔سکول کونسل میں والدین /سرپرست ۔سکول پرنسپل۔سکول سٹاف اور سکول کے دیگر افراد شامل ہوتے ہیں لیکن اس میں اکثر یتی ممبران والدین/سرپرست ہوتے ہیں۔ تحقیق سے یہ بات ثابت شدہ ہے کہ والدین/ سرپرستوں کی اپنے بچوں کی تعلیم کے حصول میں عملی شمولیت طالب علم کے سیکھنے کی صلاحیتوں پر بہت مثبت اثر ڈالتی ہے اور سکول میں یکساں ماحول پیدا کرنے کا شعور دیتی ہے جبکہ معاشرہ کی طرف سے مدد بھی سیکھنے کے عملی ماحول کو بڑھانے میں ثابت شدہ ہے۔ مشترکہ حصہ دار بن کر کام کرنے سے ہم اعلیٰ تعلیمی کامیابیوں۔ طالب علموں کی ہر طرح سے آگے بڑھنے کے عمل میں انکی بھرپور حوصلہ افزائی کر سکتے ہیں اور ان کو ذمہ دار ۔ مدد گار شہری بنا سکتے ہیں۔

سکول کونسل کا کردار

سکول کونسل ایک مشاورتی ڈھانچہ ہے جو منسٹری آف ایجوکیشن اور بورڈ پالیسی کے متعین کئے گیے اصولوں پر ہی عمل کرتی ہے سکول کونسل اس بات کے مواقع اور ذریعے پیدا کرتی ہے کہ جس سے طا لب علم میں بہتری پیدا کرنے کے کسی بھی معاملہ میں پرنسپل اور بورڈ کو مشورہ دیا جا سکے اور والدین/سر پرستوں کو تعلیمی احتسا ب کے بارے میں آگاہ رکھے ۔ تاہم سکول کے روزانہ کے معمولات /کار کردگی کے بارے میں حتمی ذمہ داری سکول پرنسپل کی ہوتی ہے ۔

واٹرلوریجن ڈسٹرکٹ سکول بورڈ اور واٹرلوریجن اسمبلی آف پبلک سکول کونسل کے اشتراک اور تعاون سے ایک سکول کونسل ہینڈ بک تیا ر کی گئی ہے کہ جس کے ذریعے تمام ریجن میں ابتدائی تعلیمی درجے اور دوسرے تعلیمی درجے کے سکولو ں میں سکول کونسل اپنا اہم کردار اداکر سکے۔ ہینڈ بک کے حوالے سے کتاب ہمارے تما م سکولوں سے دستیاب ہو سکتی ہے۔

سکول کونسل ایک ایسی اہم جگہ ہے جہاں پھر تعلیمی حوالہ سے تمام حصہ دار اکٹھے ہو کر کام کر سکتے ہیں ۔ اسکے کردار میں یہ بھی شامل ہے کہ وہ پرنسپل۔ سٹاف اور کمیونٹی کےتعاون سے سکول کی ترجیحات کا تعین کرنے میں مدد کرے اور بچوں /طالب علموں کے مفاد میں مختلف سرگمیوں کے ذریعے سیکھنےکے مواقع بڑھائے ۔

موقع ملتے ھی سکول کونسل اس بات کی تلاش میں لگ جائے گی کہ والدین/سرپرستوں اور کمیونٹی میں سے یہ سیکھنے کے مواقع حاصل کرنے میں عملی مدد اور ذرائع کہاں سے مل سکتے ہیں یا حاصل ہو سکتے ہیں۔ سکول کونسلز اس بات کو یقینی بنائے کہ یہ تمام سرگرمیاں انکے سکول میں تمام طالب علموں کے اچھے مفاد میں ہوں اور تمام متعلقہ حصہ داروں کے لیے مناسب ہوں۔

سکول کونسل ایسی جگہ نہیں ہے۔

ایک سکول کونسل ایسی جگہ نہیں ہے جہاں آپکے ذاتی مقاصد کی پیروی ہو سکے یا وہ آپکے اپنے بچے کی وکالت کرے۔ انفرادی مسائل کلاس روم ٹیچر اور پرنسپل یا آپکے سپرنٹنڈ نٹ کے ذریعے طے پائیں گے سکول کونسل ہینڈ بک میں انفرادی مسائل سے سکول کو آگاہ کرنے کے متعلقہ سسٹم کے بارے میں رہنمائی شامل کی گئی ہے۔

نمائندگی۔

واٹر لو ریجن ڈسٹرکٹ سکول بورڈ کی پالیسی کے مطابق ایلمینٹری سکول میں سکول کونسل 9 سے 15 ممبران پر مشتمل ہوگی ۔ اور سیکنڈری سکول میں یہ 11 سے 15 ممبران پر مشتمل ہوگی ۔ تمام سکول اپنے قوانین کے مطابق سکول کونسل کے سائز میں تبد یلی لا سکتے ہیں جب تک کہ وہ اونٹیریو ریگولیشن 612/00 کی پابندی کرتے رہیں اسی ریگولیشن کے تحت سکول کونسل میں درج ذیل بھی شامل ہونگے۔

1. سکول میں داخل شدہ بچوں کے وہ والدین /سرپرست جنہیں دیگر تمام والدین /سرپرست سکول میں منتخب کریں۔ والدین /سرپرست کی سکول کونسل میں اکثریت ہوگی۔ جبکہ بڑے بچوں کے سکول میں طالب علم سکول کونسل میں اکثریت میں ہونگے۔
2. سکول پرنسپل (اس کا ووٹ نہیں ہوگا)
3. سکول کا ایک ٹیچر۔ جسکو ٹیچنگ سٹاف منتخب کرے گا۔
4. سکول کے دیگر مدد گار سٹاف کا ایک ممبر۔ جسکو مددگار سٹاف منتخب کرےگا۔
5. سیکنڈری سکول کا ایک طالب علم۔ جسکو طالب علموں نے منتخب کیا ہو۔جبکہ ایلمینٹری درجہ کے سکولوں میں سکول کونسل میں طالب علم نمائندگی کا فیصلہ سکول کونسل پرنسپل کے مشورہ اور تقرری سے کرے گی۔
6. اگر سکول میں اونٹیریو فیڈریشن آف ہوم اینڈ سکول ایسوسی ایشن قائم شدہ ہو تو ایک ممبر اس ایسو سی ایشن کی طرف سے ہوگا۔
7. سکول کونسل ایک کمینوٹی ممبر کو بھی منتخب کرے گی۔ سکول کونسل اپنا قانون بنا سکتی ہے جس کے تحت کمیونٹی کے نمائندوں کی تعداد دو یا اس سے زیادہ ہو سکتی ہے۔ تاہم یہ بات نہایت اہم ہے کہ اس تمام کے باوجود والدین /سرپرست کی اکثریت ہوگی۔

واٹر لو ریجن اسمبلی آف پبلک سکول کونسلز

اس اسمبلی کا مقصد یہ ہے کہ واٹر لو ریجن میں تمام سکول کونسلز کی طالب علم کی ترقی میں مدد کو آگے بڑھانے کے سلسلہ میں رہنمائی

مزید معلومات کے لئے یا سکول کونسل میں شمولیت کے لئے ۔

1. سکول کونسل کے چیئر مین کے بارے میں معلومات حاصل کرنے

ہوسکے ۔ اس بات کی تکمیل اس طرح سے ہو کہ ایسے اہم معاملات کہ جن کا تمام سکولوں پر اثر پڑتا ہو کے سلسلہ میں تمام سکول کونسلزہم آواز ہوں اس کے علاوہ اسمبلی ایک ایسا فورم مہیا کرتی ہے جہاں سکول کو نسلز کی اچھی کارکردگی ،تبادلہ خیالات اور غور و فکر ہوتا ہو۔ اسمبلی ڈائریکٹر آف ایجو کیشن ، سٹاف، سرپرستوں کو معلومات کے تبادلہ کے لیے موثر ذریعہ فراہم کرتی ہے اور موجودہ مسائل اور مستقبل کے منصوبہ جات کے سلسلہ میں سکول کونسلز سے رابطہ مہیا کرتی ہے ۔

اسمبلی ایک آزاد ۔ والدین /سرپرست کے ذریعہ چلنے والا ۔ غیر سیاسی اور واٹر لو ریجن ڈسٹرکٹ سکول بورڈ کی سکول کونسلز کے لیے ایک سر پرست ادارہ ہے۔

کے لیے اپنے مقامی سکول کے پرنسپل سے ملیں۔

2. اپنے مقامی سکول کونسل کی میٹنگ میں شامل ہونے کے لیے تیاری کریں۔ اس بابت میٹنگ شیڈول سکول سے مل جائے گا۔

3. بورڈ کی ویب سائٹ www.wrdsb.on.ca پر جائیں اور والدین کے سیکشن میں معلومات لیں۔